27/04/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

کا بینی وزرائ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے ممبئی میں مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شنڈے سے ملاقات کی اور وہاں رہ رہے کشمیری طلباءاور تاجروں کی حفاظت کو لیکر مہاراشٹر سرکار کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

کابینہ وزیر سکینہ ایتو نے پنجاب کے گورنر اور چندی گڈھ یوٹی کے ایڈمنسٹریٹر سے ملاقات کی اور کشمیری طالب علموں اور تاجروں کی سلامتی کے حوالے سے کئی خدشات کو انکی نوٹس میں لایا۔

اسی طرح کا بینہ وزیر ستیش شرما کشمیری طالب علموں اور تاجروں کو سلامتی کا احساس دلانے کےلئے دہرا دون پہنچے جہاں وہ کشمیری عوام کی مدد کےلئے دستیاب رہیں گے۔

گیسٹ ہاوس ساکٹ لکھنو میں VVIP جبکہ کا بینہ وزیر جا وید احمد رانا لکھنو پہنچے جہاں وہ کشمیری طالب علموں ، تاجروں اور دیگر لوگوں سے ملاقات کریں گے۔

CCIK

چیمبر آف کامرس اینڈانڈسٹریز کشمیر نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کے صدر طارق گانی نے آکاشوانی CCIKقصورواروں کو سخت سزا دینے کی مانگ کی ہے۔ سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ کشمیرسے باہر رہ رہے طالب علموں اور تاجروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کےلئے حکومت کو پختہ انتظامات کرنے چاہئیتاکہ انکے اہل خانہ کو ذہنی پریشانی سے راحت مل سکے۔ انہوں نے مزید کہا۔

-------

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی من کی بات پروگرام کے 121ویںشمارے میں آج 11بجے مختلف موضوعات پر اپنے خیا لات کا اظہا ر کریں گے۔

اس پروگرام کو آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشرکیاجائے گا۔ اصل پروگرام کے بعد علاقائی اسٹیشنوں سے اس کا مقامی زبانوں میں کیا گیا ترجمہ بھی براڈ کاسٹ کیا جائے گا۔

یاترا

شری امر نا تھ جی یاترا2025 کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کی خاطر ڈپٹی کمشنر گاندربل نے بال تل کے بنیادی کیمپ کا دورہ کیا اور یاترا سے متعلق تمام ضروری انتظامات کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ انہوننے افسران پر زور دیا کہ وہ پائپ لائنوں کی ضروری مرمت ، سیلابی صورتحال سے نمٹنے اور بیت الخلاءجیسی سہولیات قائم کرنے کے علاوہ پارکنگ اور دیگر لازمی انتظامات کے تعلق سے ضروری اقدامات کریں۔

آکاشوانی

India Audio Summit and Awards 2025 کے آکاشوانی نے ممبئی میں منعقد ہوئے مختلف زمروں میں6اعزازات حاصل کئے ہیں۔ ہیلتھ اینڈ فٹنس کے زمرے میں نیوز سروس ڈویژن کے ہفتہ وار فون ان شو پبلک سپیک کو

Best Produced Audio streaming Programme کا اعزاز عطا کیا گیا۔ اس کے علاوہ چھایا گیت، اُجالے انکی یادوں کے، نئی سوچ نئی کہانی اور سفر کاسٹ پروگرام کو بھی اعزازات سے نوازا گیا۔

شوپیان

ڈسڑکٹ ڈیولپمنٹ کونسل شوپیان کی چیر پرسن نے ڈسڑکٹ کیپکس بجٹ کے تحت مرتب کی جا رہی حکمت عملی کا جائزہ لینے کی خاطر ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ عوامی اہمیت کے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دے کر اس بات کو یقینی بنائیں کہ رقومات کو موثر طریقے پر ضلع کی مجموعی ترقی کےلئے صرف کیا جائے۔

سمارٹ سٹی

ڈاکٹر اویس احمد نے سرینگر سمارٹ سٹی مشن کے CEO سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کے انٹگریٹڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا دورہ کرکے وہاں انٹیلجنٹ ٹریفک منیجمنٹ سسٹم کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ کنٹرول سینٹر کے کام کاج پر باریکی

سے نظر رکھیں اور بہتری کے مزید مواقعے تلاش کرے تاکہ کنٹرول سینٹر کے آپریشنز کو موثر بنایا جا سکے۔

**کپواڑہDC**

**ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سودن نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع بھر کی آبپاشی نہرو کی صفائی کے تعلق سے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے موسم گرما کے دوران آبپاشی کی ضروریات کو پورا کرنے کےلئے بر وقت نہرو کی صفائی پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ انتہائی اہمیت والی نہرو کی نشاندہی کریں تاکہ انکی بحالی کے تعلق سے ضروری اقدامات کئے جائیں۔**

**دیہی ترقی**

**آواس یوجنا گرامین کے تحت ایک PM محکمہ دیہی ترقی نے گورنمنٹ ڈگری کالج بارہمولہ میں روزہ ضلع سطحی ورکشاپ منعقد کیا۔ جس میں متعلقہ فیلڈ افسران اور متعلقین کو سکیم کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کےلئے کلیدی جانکاری فراہم کی گئی۔ اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر بارہمولہ نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ ضلع کے تمام مستحقین کو سکیم کے دائرے میں شامل کریں تاکہ سکیم کے اصل مقصد کو حاصل کیا جا سکے۔**

**شاہراہ**

**سرینگر جموں قومی شاہراہ آج ٹریفک کی آمد رفت کے لئے بندہے ۔ ٹریفک حکام کے مطابق شاہراہ پرتجدیدو مرمت کا کام عمل میں لانے کے باعث آج سے کل صبح 8بجے تک شاہراہ پر ٹریفک کی نقل و حرکت کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس لئے مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ آج شاہراہ پر سفر نہ کریں ۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ3ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت21 اعشاریہ8ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ**